سوال

(697) کیا دُرود کے یہ الفاظ کسی حدیث میں آتے ہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام آتا ہے تو درود پڑھا جاتا ہے صلی اللہ علیہ وسلم ۔ کیا دُرود کے یہ الفاظ کسی حدیث میں آتے ہیں ؟ (محمد یونس شاکر، نوشہرہ ورکاں)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہر حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم بولتے ہیں ۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا یہ معمول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں آپ کی حیاۃ مبارکہ میں بھی جاری وساری تھا اور بعض اوقات وہ بموقع خطاب بھی صلی اللہ علیک کہہ لیتے تھے جیسا کہ صحیح ابن خزیمہ میں دُرود کے ایک باب میں موجود ہے ، پھر صحیح مسلم کتاب الایمان باب نزول المسیح عیسیٰ بن مریم ... الخ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عیسیٰ علیہ السلام کے نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلملفظ بولے ہیں۔ ۲۳ ۶ ۱۴۲۳ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص701

محدث فتویٰ